# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 25 جولائی 2022ء بمطابق 25 ذی الحج 1443 ہجری دوپہر دو بجکر انسٹھ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب مسند نشین، محمد ادریس مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ لَعَنَہُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَہُمْ عَذَابًا مُّہِیْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَیْرِ مَا اکْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُہْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِیْنًا ﴿۵۸﴾ یٰٓاَیُّہَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِکَ وَبَنٰتِکَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْہِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِہِنَّ ؕ ذٰلِکَ اَدْنٰٓی اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ یَنْتَہِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِہِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِی الْمَدِیْنَۃِ لَنُغْرِیَنَّکَ بِہِمْ ثُمَّ لَا یُجَاوِرُوْنَکَ فِیْہَآ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِیْنَ اَیْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِیْلًا ﴿۶۱﴾

(ترجمہ): اللہ اور اس کے ملائکہ نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں، اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تم بھی ان پر درود و سلام بھیجو ﴿۵۶﴾ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کو اذیت دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ نے لعنت فرمائی ہے اور اُن کے لیے رسوا کن عذاب مہیا کر دیا ہے ﴿۵۷﴾ اور جو لوگ مومن مردوں اور عورتوں کو بے قصور اذیت دیتے ہیں اُنہوں نے ایک بڑے بہتان اور صریح گناہ کا وبال اپنے سر لے لیا ہے ﴿۵۸﴾ اے نبیؐ، اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور اہل ایمان کی عورتوں سے کہہ دو کہ اپنے اوپر اپنی چادروں کے پلو لٹکا لیا کریں یہ زیادہ مناسب طریقہ ہے تاکہ وہ پہچان لی جائیں اور نہ ستائی جائیں اللہ تعالیٰ غفور ورحیم ہے ﴿۵۹﴾ اگر منافقین، اور وہ لوگ جن کے دلوں میں خرابی ہے، اور وہ جو مدینہ میں ہیجان انگیز افواہیں پھیلانے والے ہیں، اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے تو ہم ان کے خلاف کاروائی کرنے کے لئے تمہیں اُٹھا کھڑا کریں گے، پھر وہ اس شہر میں مشکل ہی سے تمہارے ساتھ رہ سکیں گے ﴿۶۰﴾ ان پر ہر طرف سے لعنت کی بوچھاڑ ہو گی، جہاں کہیں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے اور بُری طرح مارے جائیں گے ﴿۶۱﴾ و آخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلْعٰلَمِینَ۔

Mr. Chairman: Item No. 2: 'Questions Hour'-----

جناب منور خان: جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: جی منور خان۔

جناب منور خان: سپریم کورٹ کښې ډیر اهم یو ایشو باندې بحث لګیا دے او که تاسو دې اسمبلئ ته اوګورئ دلته هم لکه مطلب دے چې تعداد پوره نه دے۔ نو زما دا ریکویسټ دے چې که نن دا دغه Adjourn کړو او سبا پورې کړو، دا ریکویسټ زما خیال دے خوشدل خان په دې باندې ما سره به Agree وی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: د دې مقصد دا دې چې موقع به ملاو شی تې وی به اوګورو Crucial حالات دی۔

جناب مسند نشین: تې وی د پاره دغه کوئ کنه Adjourn کوئ اسمبلی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: او بل دا چې کورم هم کمپلیټ نه دے۔

جناب مسند نشین: دا اهم بزنس دے دا پوره شی نو بیا به خیر دے لږ زر به ئې کړو ټائم پرې ډیر مه اخلئی په دغه کنه۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: تاسو کورم اوګورئ نو کورم-----

Mr. Chairman: 'Questions Hour': Question No. 152-----

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کورم پورا نہیں ہے سر۔

جناب مسند نشین: کورم پوائنټ آؤټ کوئ تاسو ؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: اؤ جی۔

جناب مسند نشین: کورم دغه اوکړئ، ګنتی اوکړئ۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: 26، دو منټ د پاره دغه اوکړئ بنه۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں اور بعدازاں گنتی کی گئی مگر کورم پورا نہیں ہوا)

جناب مسند نشین: Quorum incomplete دے، دس منټ د پاره مونږ Adjourn کوؤ اسمبلی، Ten minutes د پاره۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی کچھ دیر کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب مسند نشین، محمد ادریس مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب مسند نشین: بنه، کاؤنټنګ تاسو اوکړئ، پلیز۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی اور کورم پورا تھا)

Mr. Chairman: 41, okay.

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Chairman: Item No. 2: 'Questions Hour': Question No. 15071, Mst. Shagufta Malik.

* 15071 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیاوزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) جنوری 2018 سے مارچ 2019 تک محکمہ کو معذور افراد کی طرف سے معذوری کے سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے کتنی درخواستیں موصول ہوئی ہیں؛

(ب) محکمہ کی جانب سے کتنے معذور افراد کو معذوری کے سرٹیفکیٹس جاری ہوئے ہیں اور جن افراد کو معذوری کے سرٹیفکیٹس جاری نہیں کئے گئے، ان کی وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم وترقی نسواں) (جواب وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور نے پڑھا): (الف) جنوری 2018 سے مارچ 2019 تک محکمہ کو مختلف اضلاع میں معذوری کے سند کے وصولی کے لئے کل 13436 درخواستیں وصول ہوئی ہیں۔

(ب) محکمہ کی جانب سے کل 12762 معذور افراد کو سرٹیفکیٹس جاری کئے گئے ہیں۔ ضلعی Assessment Board 674 درخواست گزاروں کے معائنے کے بعد ان کی درخواستیں برائے حصول معذوری سرٹیفکیٹ سے متفق نہیں ہوا۔

محترمہ شگفتہ ملک: مننه چیئرمین صاحب۔ دا سوال جی تاسو اوګورئ د دې دا ډیر مهم سوال دے چې څومره هم زمونږ دې صوبه کښې زمونږه هغه Special خلق دی نو په دې سوال کښې پکار خو دا ده چې دوئ Categories باندې خبره کړې وې لکه تاسو اوګورئ جی چې معذور کوم دی، یو خو هغه وی چې جسمانی معذوره وی جی، ذهنی وی هغه وی چې هغه څوک خبره نه شی کولې اؤریدې نه شی، دا مختلف Categories دی۔ نو یو خو دوئ دا نه ده کلیئر کړې چې دیکښې Categories باندې دوئ خبره، دوئ صرف دا لیکلی دی چې دومره خلقو ته مونږ سرټیفکیټ ورکړو او دومره خلقو ته مونږ نه دے ورکړے اوس نه دی ورکړے دا

Reason ئې هم نه دے ښودلې۔ بل دا ده جې چې دا ځومره هم دې خلقو ته د NADRA ID Card کله ملاویږی نو تاسو ته پته ده چې کوم هغه معذور خلق دی چې هغوی په خپو لاسونو معذوره وی نو هغه خو Visible وی جی هغه خو چې تاسو اوګورئ چې دا کس اوس NADRA ته خو پکار دا ده چې کوم کس Visible دے نو دغه خلقو ته هم دوئ دا وائی چې تاسو به سرټيفکيټ راوړئ او هغه بيا په سوشل ويلفيئر کښې ډير زيات کړاؤ او تکليف دا خلق Already دومره ځپلې شوی وی نو دا خو د سوشل ويلفيئر ډيپارټمنټ پکار ده چې په دې يو کليئر پاليسی وی چې کوم خلق Already visible دی چې هغه جسمانی معذوره دے نو هغه خو خلقو ته پته ده چې دا معذوره دے، اوس د هغه د پاره ته بار بار هغه بيا لګيائې يو ډيپارټمنټ ته چې دا سوشل ويلفيئر سرټيفکيټ به وی، د هغې نه پس به بيا NADRA ته۔ نو دا مسئله جی دې خلقو ته ډيره زياته ده او د سرټيفکيټ چې کوم Categories ديکښې بالکل نشته جی نو پکار دا ده چې دا Categories چې دی دا دوئ کليئر کړی وې دا ډير زيات مهمه دے جی دا خلق ډير زيات کړيږی جی۔

Mr. Chairman: Concerened Minister Sahib.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): جناب سپيکر، چونکه دا تقريباً څه 600 applications داسې وو په تيره چوده هزار کښې چې دا Scrutinize کيږی او هغه چونکه دا Disability چې ده دا هم دغه دا دوئ چې کوم شګفته بی بی چې کومه خبره اوکړه Physically، نو هغه Physically verification ځکه خلق خو درخواستونه ورکړی چې يره دا Disable دے نو هغه Disable کښې هم Categories شته، بالکل دا صحيح وائی دا چې کله هم کلاس فور کيږی نو هغه Disability چې کوم ده هغه دا Physically دا بالکل هغه وخت کښې نوټ کيږی هم او د هغې هغه سرټيفکيټ کښې ئې هم باقاعده ورکړے وی او دلته خو خير دوئ خو Category نه ده ورکړې خو چونکه هغه چې کوم چا ته معذرت شوے دے سرټيفيکيټ ئې نه دے ورکړے نو Mostly هغه داسې دی چې هغه په Disability کښې نه راځی۔ نو Disability خو دا ده چې هغه د لاسو خپو نه معذوره وی، سترګو نه معذوره وی، چرته نه څه دغه وی نو Physically هغه

چونکه هغې کبنې نه راتلل نو د هغې ئې Pending هغه کیسونه ئې Pending ایبنې دی۔ نو ستاسو دا خبره تھیک ده بالکل پکار هم دا ده او چې کله سرټیفکیټ ورکوی دا Sequence کبنې پکار ده چې دا څومره Percent د دې Disability ده ځکه په هغې بنیاد باندې هغه ته کوټه هم ملاویږی، هغوی ته نوکری هم ملاویږی۔

جناب مسند نشین: جی میڈم!

محترمہ شگفتہ ملک: چیئرمین صاحب، زما نور په دیکبنې Discussion زه کول نه غواړم ظاهره خبره ده سوال چې کوم، ما صرف دا کلیئر کول غوښتل چې لږ خلقو ته او ډیپارټمنټ په دې باندې یو کلیئر پالیسی وی۔ گوره جی د Job خبره تاسو اوکړه Two percent، په دیکبنې هم جی دا هغه نشته چې یو کس چې دے هغه Visible وی چې دا معذوره دے بل کس جی معمولی د هغه هغه وی نو په هغه کوټه کبنې هم جی دا کلیئر نشته چې آیا کوم کس چې دے زیات Deserving دے؟ یو کس بالکل چې دے هغه هیڅ قسمه روزگار نه شی کولې او په دې کوټه کبنې بل کس چې دے هغه معمولی د هغه لاس پکبنې معمولی فرق وی یا لږ، د دې Category هم پکار ده، د دې پالیسی هم کلیئر پکار ده چې کوم خلق د Job د پاره Deserving دی نور جی زه کلیئر یم جی ما ته نور څه Issue نه ده خو ما وئیل چې لږ ډیپارټمنټ په دې باندې کار اوکړی۔ مننه جی۔

جناب مسند نشین: جی میڈم۔ جی نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، وہ معذور افراد کے لئے NADRA سے اب شناختی کارڈ پہ لکھا ہوتا ہے کہ یہ معذور کی Category میں آتا ہے نہیں آتا، تو وہ تو Clear-cut ہوتا ہے۔ اگر انہوں نے کوٹے پہ Apply کرنا ہوتا ہے تو CNIC پہ ایک نشان اس کو الاٹ ہوتا ہے کہ یہ معذور ہے یا نہیں ہے۔ تو پھر میرے خیال میں اس کی ضرورت سوشل ویلفیئر میں میرے خیال میں نہیں ہونی چاہیئے اگر ہمارا NADRA میں اس کا ہے۔ تو اس کا جو Minor کے لئے ہے تو میرے خیال میں اس کے لئے Categorization ہماری نیشنل سطح پہ ہونی چاہیئے کہ اس کے لئے کیا ہونا چاہیئے۔ تو میرے خیال میں ادھر اس کی کوئی کیوں نہیں ہے کیونکہ NADRA اب ہمارا Issue کر رہا ہے شناختی

کارڈ کہ اس پہ اس کا نشان بنا ہوتا ہے اور جہاں جہاں اگر اس نے کہیں Movement کرنا ہو، کہیں کوٹے کے لئے Apply کرنا ہو، Disabled کوئی جو Instrument لینا ہو، اس کے لئے Apply کرنا ہو جس جس جگہ پہ ان کو Apply باہر جانے کے لئے جو بھی Category کے لئے Apply کرنا ہو تو ان کے لئے NADRA سے شناختی کارڈ Issue ہوتا ہے تو میرے خیال میں وہ ایک ایسی چیز ہے جو میرے خیال میں Internationally وہ Recognize ہوتی ہے وہ چیز، تو میرے خیال میں وہ ایک اچھی چیز ہے تو وہ ہمیں ادھر اس کو کرنا چاہیئے کہ جو Minor چیزیں ہیں اس کو بھی ان میں وہ کرنا چاہیے کیونکہ آنے والے دنوں میں ہم یہ بھی کہتے ہیں کہ ان کو کوٹہ بھی Seats کے لئے بھی تو۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی منسٹر صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور):</u> سر، یہ ان کی بات درست ہے یہ صحیح تجاویز اور اچھی دے رہی ہیں، ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ڈسکس ہوئی لیکن یہ ضلعی بورڈ ہوتا ہے Assessment Board ہوتا ہے اور وہ بورڈ جو ہے اس کو، میڈیکل بورڈ وہ Board decide کرتا ہے کہ کتنی Percent اس کی Disability ہے۔ تو وہ ایک اپنا Process ہوتا ہے کلاس فور کے لئے یا دوسری نوکریوں کے لئے لیکن اگر یہ تجویز دے رہی ہے بالکل اچھی تجویز ہے اور ہم ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ Share ہو جائیں گے۔

<u>جناب مسند نشین:</u> Okay جی میڈم مطمئن ہیں۔ Okay. Question No. 15089، جناب خوشدل خان صاحب، جناب خوشدل خان صاحب، Lapsed۔ Question No. 15227، محترمہ نگہت یاسمین صاحبہ۔

* 15227 _ <u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت سرکاری ملازمین کی سہولت کے لئے پشاور شہر میں کالونیاں بنانے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور شہر میں کن کن مقامات پر کالونیاں زیر تعمیر ہیں یا بنانے کی تجویز ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔ حکومت سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت مندرجہ ذیل سکیموں کے ذریعے سرکاری ملازمین کے لئے نئی رہائشگاہیں تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے:

1. 120886 - Design and Construction of Govt. Officers Residences at Race Course Garden, Peshawar. (Ongoing).
2. 140847 - F/S and Master Plan for Race Course Garden (RCG), Peshawar. (Ongoing).
3. 130406 - F/S and Detailed Designing of Residences/Offices for Govt. Servants in Khyber Pakhtunkhwa. (Ongoing).

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں نے اس میں جو سوال کیا ہے، وہ ہے کہ "آیا یہ درست ہے کہ سرکاری ملازمین کی سہولت کے لئے ان کے گھروں کے لئے کوئی کالونیاں بن رہی ہیں؟"۔ محکمے نے جواب دیا ہے کہ "جی ہاں"۔ جناب سپیکر صاحب، اچھی بات ہے محکمہ اگر کالونیاں بنا رہا ہے تو سرکاری ملازمین کے لئے آسانیاں ہوں گی اور ظاہر ہے کہ ان کو گھر جب ملیں گے تو وہ کہیں ادھر ادھر سفارشوں کے لئے نہیں جائیں گے اور اپنی Seniority اور اپنی اس کا وہ بھی نہیں کریں گے۔ میں محکمے کو Appreciate کرتی ہوں کہ اگر یہ بنا رہے ہیں تو Appreciate کرتی ہوں لیکن جناب سپیکر، میری ایک درخواست ہے آپ سے، آپ کے توسط سے کہ ہمارا جو ہمالیہ ہاؤس ہے جو میں نے قرارداد پاس کی تھی اور فاٹا ہاؤس وہ کے پی کو حوالے کیا جائے کیونکہ ہمالیہ ہاؤس بھی بہت ضروری ہے ہمارے لئے جو کہ نتھیا گلی میں ہے اور اس کے علاوہ جو ہے تو فاٹا ہاؤس بھی ہمارے لئے ضروری ہے کیونکہ ابھی تو فاٹا کے جو نمائندہ گان ہیں یا وہ ادھر Lodges میں رہتے ہیں کچھ ہیں اور اس کے علاوہ جو ہمارے یہاں پہ Merged area کے جو لوگ ہیں وہ زیادہ تر ابھی کے پی ہاؤس میں جاتے ہیں تو میں سمجھتی ہوں کہ اگر فاٹا ہاؤس اور ہمالیہ ہاؤس ہمیں دے دیا جائے تو اس سے تو ایک یہ ہو گا کہ کم از کم جو میں اس پہ ریزولیوشن بھی میں نے ایک پاس کروائی تھی کہ ہمیں دیں تو انہوں نے انکار کر دیا تھا لیکن چونکہ Regime change ہو گئی ہے تو ظاہر ہے کہ اب میں چاہتی ہوں کہ اس Regime سے آپ کے توسط سے یہ مطالبہ ضرور کروں کہ ہمارا ہمالیہ ہاؤس جیسا کہ سندھ ہاؤس ہے جیسے دوسرے ہاؤسز ہیں تو اسی طرح ہمارا ہمالیہ ہاؤس جو ہے جیسے مری میں ان کے اپنے ہاؤسز ہیں تو اسے کسی نے Take-over نہیں کیا تھا یہ تو ہمارے سابق پرائم منسٹر صاحب نے پتہ نہیں کیوں سارا کچھ چھین لیا ہم سے لیکن ابھی میں موجودہ Regime سے شہباز شریف صاحب سے

جو کہ آج وزیر اعظم ہیں یہ تو ہوتا ہے ایک دن ایک کرسی پہ ہوتا ہے دوسرے دن کوئی دوسرا کرسی پہ ہوتا ہے۔ تو میں آپ کی توسط سے اور صوبائی اسمبلی کی طرف سے یہ صوبائی حکومت کو بھی درخواست کروں گی کہ وہ جو ہے تو ہمارا ہمالیہ ہاؤس اور ہمارا افاثا ہاؤس ہمیں واپس کر دیں جی۔ Thank you۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): جناب سپیکر، انہوں نے جو Residential اس پہ بات کی بالکل یہ لازمی بھی ہے اور میں تو اپنی، میں نے ایک تجویز بھی دی ہے کہ اگر ہم زیادہ نہیں کر سکتے تو ہر سال 50 کروڑ روپے ہم اس کے لئے مختص کریں تاکہ جتنے ملازمین کی تعداد بڑھتی جارہی ہیں اور وقت کیساتھ ساتھ یہ بہت بڑا Issue بنتا جارہا ہے کہ ان کے لئے Flats یا کوئی انہیں جو Residential وہ ہے Issue، وہ بہت زیادہ گھمبیر ہوتا جارہا ہے پشاور کے اندر۔ ہمارے پاس چونکہ کافی جگہیں ہیں شہر کے اندر بھی ہیں لیکن وہ سارا ایک ایک گھر ہے جس طرح ہمارے پاس تین چار کالونیاں ہیں اگر ہم نے ان کو Flats کی شکل میں Convert کرنے ہیں چار چار منزل میں تو بہت زیادہ Accommodations آسکتی ہیں تو اس لئے ابھی جو ڈیپارٹمنٹ نے ان کو جواب بھی دیا ہے کہ تین جگہیں ہیں۔ اس طرح کچھ ہمارے ڈبگری گارڈن کے اندر ہیں کچھ ورسک روڈ کے اوپر ہیں کچھ یہاں یہ جو Race Course Garden ہے یہاں پہ بھی انہوں نے کوئی Feasibility report بھی تیار کی ہے اور Feasibility study اس کی ہو چکی ہے، کچھ کی Approval بھی ہو چکی ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ یہ ہے۔ اس کے علاوہ Minister's Enclave کی بھی ہو چکی ہے، اس کی Feasibility study مکمل ہو گئی ہے اور یہ سارا اس لئے ہو رہا ہے کہ آئندہ Future میں بڑی تعداد میں لوگ آرہے ہیں، Manage ہو رہے ہیں ان کو تاکہ Accommodation کا Issue نہ ہو۔ یہ میرے خیال سے اس پہ اب Decision تو لے لیا گیا ہے لیکن ہماری اپنے لئے ایک Suggestion دی تھی کہ اگر زیادہ نہیں ہو سکتے تو 50 کروڑ روپے ہر سال رکھے جائیں بجٹ کے اندر تاکہ ان کے لئے High-rise اس طرح کی چیزیں بنائیں تاکہ ان کی Accommodation کا مسئلہ حل ہو جائے۔

جناب مسند نشین: جی میڈم۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، وہ یہ بات ہے کہ جیسے کہ اب اگر آپ اس روڈ پہ جائیں جو سی ایم ہاؤس کے جب آپ روڈ پہ جاتے ہیں تو یہاں پہ منسٹرز کے آٹھ آٹھ کنال کے گھر ہیں تو جناب سپیکر صاحب، میں

چاہتی ہوں کہ منسٹرز کو بھی ایک کنال سے زیادہ کا گھر نہ دیا جائے، Ministers Colony بنائی جائے جس میں کہ تمام منسٹرز کو Accommodate کیا جائے اور جو باقی جگہ بچ جاتی ہے ہمیں شہروں کی طرف جانے کی کیا ضرورت ہے، ہم Cantt area کی بات کر رہے ہیں تو یہاں پہ بھی ہمارے پاس بھی زیادہ زمین بچتی ہیں، لوگوں کے پاس آٹھ آٹھ کنال، لوگوں کے پاس بارہ بارہ کنال زمینیں ہیں جو میں نام نہیں لینا چاہتی ہوں یہاں پہ لیکن جیسا کہ Judges کی اپنی Colonies ہیں، Generals کی اپنی Colonies ہیں، فوجیوں کی اپنی Colonies ہیں تو اس طریقے سے Minister's Enclave ایک الگ ہونا چاہیئے اور سرکاری لوگوں کے لئے ایک الگ جو ہے تو اسی Cantt area میں جو آٹھ آٹھ کنال گھر ہیں اب چیف سیکرٹری کا گھر جو ہے تو اس کو بھی ایک کنال گھر میں رہنا چاہیئے تو اس کو بھی ایک کنال کا گھر دینا چاہیئے۔ جناب سپیکر صاحب، سیکرٹری کوئی ایسا بڑا آدمی نہیں ہے کہ وہ ایک کنال کے گھر میں نہیں رہ سکتا ہے؟ چیف سیکرٹری کو بھی ایک کنال کا گھر دینا چاہیئے۔ اسی طرح ہر سیکرٹری کو بھی ایک کنال کا گھر دینا چاہیئے۔ منسٹرز صاحبان کو بھی ایک ایک کنال کا گھر دینا چاہیئے جو Furnished ہو تا کہ ان لوگوں کو ایک ہی دفعہ Furnished گھر ملے اور جاتے ہوئے اس کی جو ہے تو وہ بھی جو ہے، اس سے یہ ہوگا تو ہمارے پاس Cantt میں کافی حفاظتی طور پہ ہمارے پاس جگہ بچ جائے گی جس پہ ہم اپنے سرکاری ملازمین کے لئے Flats بنا سکتے ہیں بڑے Flats بنا سکتے ہیں۔ اگر چار کنال کا کسی کے پاس گھر ہے تو دو کنال پہ کافی اچھی Flats بن سکتے ہیں جو کہ ہم اپنے ملازمین کو دے سکتے ہیں سرکاری ملازمین کو کیونکہ ایک یہاں پہ کوئی بڑا تو نہیں آپ جیسے منسٹرز ہیں، اگر وہ ایک ایک کنال کے گھر میں رہ سکتے ہیں تو چیف سیکرٹری ہو گئے، یہ دوسرے سیکرٹری ہو گئے، چوتھے سیکرٹری ہو گئے، ان کے پاس چار چار کنال، آٹھ آٹھ کنال کی گھروں کی کیا ضرورت ہیں جناب؟ اور یہ منصوبہ پرویز خٹک صاحب نے بنایا تھا لیکن اس کے بعد چونکہ گورنمنٹ چلی گئی تو اس منصوبے پہ کام نہیں ہو سکا۔ تو میں سمجھتی ہوں کہ تمام کو Equally انداز میں جو ہے تو دیکھا جائے اور پھر Ministers Colonies اور ساتھ ہی ملازمین کے لئے اچھے Flats جس میں چار پانچ کمرے ہوں جس میں ان کی Family آسانی سے رہ سکے۔ Thank you۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی شوکت صاحب۔

<u>وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور:</u> جناب سپیکر، اگر آپ، یہاں پہ 18 اور 19 Numbers ہمارے جو Flats، گھر تھے کافی پرانے جو، پرانے جتنے بھی گھر ہیں وہ پانچ پانچ کنال اور دس دس کنال ہیں بالکل صحیح

کہہ رہی ہیں۔ اسی کی بنیاد پہ جو Feasibility study ہوئی ہے تو پچھلے جب دو گھر تھے وہ Demolish کر کے چھ گھر بنائے ہیں ہمارے دور میں۔ اسی طرح اب جو نیا وہ ہے اس پہ بھی یہی ہے کہ جتنے بھی ہمارے بڑے بڑے گھر ہیں ان کو Demolish کر کے Already feasibility ہو چکی ہیں، وہ تمام گھر مسمار کر کے وہاں Minister's Enclave الگ، ججز کے لئے الگ، اس طرح اس Space کو کم کیا جا رہا ہے پانچ پانچ، چھ چھ کنال کی بجائے کنال کنال بھی کافی ہے یہ بالکل صحیح ہے اور میں اس تجویز سے اتفاق بھی کرتا ہوں ان شاء اللہ اس پہ کام بھی ہو رہا ہے۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی میڈم! مطمئن ہیں؟

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> بالکل جناب سپیکر، لیکن ہمالیہ ہاؤس اور فاٹا ہاؤس کے بارے میں آپ نے بات نہیں کی کہ یا اس پہ ریزولیوشن لیکر آئیں کیا کریں؟ کیونکہ ہم چاہتے ہیں یہاں سے ریزولیوشن جائے اور وہاں سے پھر یہ ریزولیوشن صوبائی گورنمنٹ کی طرف سے جائے، اسمبلی اس کو پاس کرے Unanimously اور یہاں سے جائیں اور ہمیں ہمارا ہمالیہ ہاؤس اور ہمیں فاٹا ہاؤس دیا جائے کیونکہ لوگوں کے پاس جو ہے آپ تمام گورنمنٹس کو دیکھ لیں ان کے پاس جو پنجاب کی گورنمنٹ ہے، جو سندھ کی گورنمنٹ ہے جہاں جہاں پہ گورنمنٹس ہیں بلوچستان کی گورنمنٹ ہے، ان کے پاس مری میں باقاعدہ ان کے اپنے سپیکر کے لئے، چیف منسٹر کے لئے تمام لوگوں کے لئے گھر موجود ہیں لیکن ایک ہمارا صوبہ ہے کہ جہاں سے ہم سے سب کچھ لے لیا گیا ہے۔ تو میں سمجھتی ہوں کہ ہمالیہ ہاؤس جو کہ ہمارے لئے انتہائی Important ہے وہ دیا جائے اور اس کے علاوہ فاٹا ہاؤس دیا جائے۔ Thank you جی۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی کامران بنگش صاحب۔

<u>جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> شکریہ مسٹر سپیکر۔ سپیکر صاحب، کوئی بھی جو ہمارے صوبائی اثاثے ہیں وہ کوئی نہیں لے کر گیا وہ صوبائی حکومت کے نام پہ ہیں ابھی بھی۔ ایک اصولی فیصلہ ہوا تھا کہ سیاحت کو بڑھانے کے لئے ہمارے صوبے میں سیاحت کے فروغ کے لئے جتنے بھی سرکاری ریسٹ ہاؤسز ہیں وہ خواہ لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے پاس تھے یا جو بھی محکمہ تھا جن میں سی اینڈ ڈبلیو کے چھوٹے چھوٹے ریسٹ ہاؤسز بھی تھے وہ سارے Tourism Department کو حوالے کر دیئے گئے اور ان کو کہا گیا کہ ایک تو اس کو Renovate کریں اور پھر اس کو Outsource کریں، تو وہ اب Outsource ہیں وہاں پہ عوام جا سکتی ہیں۔ خان صاحب کا جو ویژن ہے وہ یہی تھا اور ہے کہ عوام کے لئے

کھولے جائیں تو وہ اب کھول دیا گیا یہ جو دو ہاؤسز کی بات کر رہی ہیں۔ بے شک ان کے اوپر یہ قرار داد لے کر آئیں ہم ان کو Support کریں گے اور اس پہ میں صرف Clarification یہ کرنا چاہتا ہوں کہ فاٹا ہاؤس کے حوالے سے ہمالیہ ہاؤس کا مجھے نہیں پتہ لیکن فاٹا ہاؤس کے حوالے سے Last Cabinet اجلاس میں بھی وزیر اعلیٰ صاحب کی Instructions آئیں کہ جن Quarters کے پاس ہے ان سے Properly اس معاملے کو Take-up کر دیا جائے۔ اس پہ اگر یہ قرار داد لے کر آنا چاہتی ہے لیکن تاثر یہ دینا کہ کوئی لے کر گیا ہے ساری جو صوبائی اثاثے ہیں وہ صوبائی حکومت کے نام پہ ہیں صرف Outsource کر دیا گیا تو وہ ان شاء اللہ اس عوام کے لئے کھول دیئے گئے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر صاحب، میں یہ نہیں کہتی ہوں کہ آپ نے کسی اور کو دے دیئے ہیں اور ہمارے صوبے کی ملکیت ہیں اور اس سے آپ Revenue generate کرنا چاہتے ہیں اچھی بات ہے۔ آپ نے تمام ریسٹ ہاؤسز کو دے دیا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، میں یہ بات کرنا چاہتی ہوں کہ کہ جیسے اور گورنمنٹس نے جو ہیں تو ٹھیک ہیں Tourism کے لئے نہیں دیئے لیکن ہمارا ایک ہمالیہ ہاؤس اور فاٹا ہاؤس جس کے پاس بھی ہیں لیکن یہ معامہ Take-up کرنا چاہیئے۔ میری بھی سی ایم صاحب سے بات ہوئی تھی اور انہوں نے کہا تھا کہ متعلقہ ڈیپارٹمنٹ سے ہم اس کو Take-up کر رہے ہیں اور فاٹا ہاؤس جو ہے کیونکہ ابھی ہماری تعداد جو ہے 145 کے قریب ہو گئی ہے پہلے 124 ہوا کرتی تھی ابھی 145 ہو گئی ہے اور چھوٹے چھوٹے کمرے ہیں جہاں پہ فیملی کے ساتھ کے پی ہاؤس میں کوئی نہیں رہ سکتا ہے۔ اگر فیملی جائے تو اس کو بڑی مشکل ہوتی ہے تو فاٹا ہاؤس جو ہے اس کو لیا جائے کیونکہ جن لوگوں کے پاس بھی ہیں ان کے پاس اور بھی بہت Sources ہیں، ان کے پاس اور بھی بہت زیادہ جگہیں ہیں جہاں پہ وہ اپنا جو بھی Set-up بنانا چاہتے ہیں وہ بنائیں ہمیں اس سے مطلب نہیں اور نہ وہ۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: اس پہ میڈم! ریزولیوشن لے آئیں میرے خیال میں۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: نہیں میرا خیال ہے کہ میں ریزولیوشن لے آتی ہوں کل یا پرسوں یا جمعہ کے دن لے آؤں گی تو اس کو جو ہے ہم پاس کریں گے۔ Thank you جی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: ٹھیک ہے۔ Next Question, Question No. 15280، جناب شکیل بشیر صاحب، شکیل بشیر صاحب، Question No. 15260-Lapsed، محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ۔

*15260 _ <u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 2021-22 کے بجٹ میں مختص کی گئی رقوم میں اب تک جن محکموں کو رقوم جاری کی گئی ہیں، ان کے نام بمعہ جاری شدہ رقوم اور اب تک جاری شدہ رقوم میں سے خرچ ہوئی رقم کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) سال 2019-20 میں محکموں کو جاری شدہ رقوم کی مالیت کیا ہے۔ نیز یہ بھی بتایا جائے کہ گزشتہ مالی سال 2019-20 کے دوران جن محکموں کو جاری شدہ رقوم Lapse ہوئے ہیں، اس کی محکمہ وار مالیت کیا ہے، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ) (جواب وزیر برائے اعلیٰ تعلیم نے پڑھا)</u>: (الف) تفصیلات بابت ترقیاتی اخراجات مالی سال 2021-22 لف "الف" میں ملاظہ فرمایئے۔

(ب) تفصیلات بابت ترقیاتی اخراجات برائے مالی سال 2019-20 لف "ب" میں ملاحظہ فرمایئے۔

(لف شدہ تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئیں)

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ایک تو میں یہ سمجھنا چاہوں گی کہ مجھے نہیں سمجھ آرہی کہ ڈیپارٹمنٹس اسمبلی کے ممبران کے سوالات کو اتنا کیوں وہ اس کو یعنی Non serious لے رہے ہیں؟ اس سوال کی طرف اگر آپ دیکھیں تو میں نے یہاں پہ 2020-21، 21-22 اور 19-20 کے جو ہیں Allocate کئے ہوئے اے ڈی پی کے اندر فنڈ کا بھی پوچھا ہے اور اس کے Lapse ہونے کا بھی پوچھا ہے۔ آپ اس کے پہلے Page کے اوپر دیکھیں تو جتنا Fund allocate ہوا ہے تو اس سے زیادہ خرچ ہوا ہے پہلا جو اس کا ہے۔ دوسرا اس میں جو ہے فنڈز زیادہ Allocate ہوا ہے اور خرچ کم ہوا ہے تو آخر یہ Contradiction جو ہے اس کو کون Fill کرے گا؟۔ اچھا آپ اس کے Page نمبر دوسرے پہ آجائیں تو یہاں پہ جو Merged areas ہیں تو وہاں پہ Food کی مد میں Food Department کے لئے کوئی فنڈز رکھا ہی نہیں گیا، آخر یعنی یہ کونسا طریقہ ہے؟۔ اچھا اس کے تیسرے Page پہ آجائیں تو یہاں پہ انہوں نے ٹرانسپورٹ اور Environmental جیسے اہم ڈیپارٹمنٹس کے لئے فنڈ بھی نہیں رکھا اور اس کے پانچویں Page کے اوپر جو ہے ٹرانسپورٹ کے لئے جو فنڈز رکھا گیا ہے وہ ریلیز ہی نہیں ہوا۔ آخر یہ یعنی کونسا مذاق ہے اس اسمبلی کیساتھ کہ یہ فنانس ڈیپارٹمنٹ بیٹھ کے یہ آپ

کے اتنے اہم سوال کا یہ جواب مجھے دے رہے ہے تو یہ کہاں کا انصاف ہے جبکہ آپ کے منسٹر صاحب بھی موجود نہیں ہیں۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔ کامران بنگش صاحب۔

جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): شکریہ مسٹر سپیکر۔ !Sorry Sir یہ جو میڈم سوال پوچھ رہی ہے یہ پورے سال کے ریلیز کے حوالے سے ہے اور پھر Progressive expenditure کے Plan، تو اس میں ہمیں جو Financial discipline ہے یا Financial rules ہیں ان کو نہیں بھولنا۔ اگر کسی ڈیپارٹمنٹ کی Capacity ہے اور وہ Utilization زیادہ کر سکتا ہے وہ ڈیپارٹمنٹ تو ان کو زیادہ Releases ہوتے ہیں اور اگر کوئی نہیں Utilize کر سکتا، ان کی Capacity نہیں ہے یا ایک Certain Project جو ہے ان کا Mature نہیں ہو چکا اور ان کو ضرورت نہیں ہے پیسوں کی تو یہ پورا Cycle ہے کہ اگر ایک ڈیپارٹمنٹ کے کسی Head میں فنڈ ہے اور وہ Utilize نہیں کر پا رہا ہے یا وہ اپنے جو چار Quarters ہیں ان میں سے ان کی Utilization کم ہے تو Usually یہ Practice ہوتا ہے جیسے میں مسٹر سپیکر، آپ کو ایک Example دیتا ہوں کیونکہ ہائیر ایجوکیشن کو میں دیکھ رہا ہوں آپ کو علم ہے کہ ہمیں کالجز میں، لائبریریز میں، یونیورسٹیز میں پیسوں کی بہت ضرورت ہوتی ہے تو ہمیں مسٹر سپیکر، محکمہ اعلیٰ تعلیم کو جو Allocated یعنی Budget estimate تھا اس میں مسٹر سپیکر، 5600 ملین تھے اور ہمیں ریلیز ہوئے 5800 ملین، کیونکہ ہمیں ضرورت تھی باقی ڈیپارٹمنٹس میں Utilization نہیں ہوئی یا ان کا جو Project cycle تھا جو PC-I کا پورا Cycle ہوتا ہے یا Proper forum سے ہو کر آتا ہے تو ایسے ہی اگر آپ First page پہ دیکھ لیں تو ایگریکلچر کو 5656 ملین Allocation تھی، Budget estimate تھا ریلیز ہوئے ہیں مسٹر سپیکر، 6782 ملین اور Progressive expenditures یعنی ڈیپارٹمنٹ نے جو Expenditure کیا وہ 6758 ملین ہے تو کچھ ڈیپارٹمنٹس کی Capacity ہوتی ہے جیسے روڈ سیکٹر ہے۔ اب روڈ سیکٹر میں جو ہے وہ Expenditures ہو جاتے ہیں تو Financial year میں Financial جو ہمارے Rules ہیں یا جو Financial management آپ سمجھ لیں۔ Financial management میں ہم ایک سیکٹر سے دوسرے سیکٹر میں لے جاتے ہیں کیونکہ وہاں پہ Expenditure ہو رہا ہوتا ہے ایک جو Concept ہے کہ یہ پیسے Lapse ہو جاتے ہیں پیسے Lapse نہیں ہوتے وہ ایک Head سے اٹھا کر

دوسرے Head میں دے دیتے ہیں اور اس کے لئے باقاعدہ طور پر اسمبلی سے Approval لی جاتی ہے۔ بہت شکریہ جی۔

جناب مسند نشین: جی میڈم!

محترمہ حمیرا خاتون: میرے خیال میں سپیکر صاحب، میں کامران بنگش صاحب کا نہایت احترام کرتی ہوں وہ ایک نہایت Competent Minister صاحب ہیں لیکن چونکہ یہ ان کا ڈیپارٹمنٹ نہیں ہے ایک تو پہلے آپ اس بات کو اپنے سامنے رکھیں کہ جو منسٹر موجود نہیں ہوتا یہ سپیکر صاحب کی Ruling تھی کہ جس کا Question on the Floor ہو یہ سوال کوئی مذاق نہیں ہوتا کہ کوئی منسٹر جو ہے آ کے کرسی سنبھال لے اور پھر وہ اپنے جواب کے لئے آئے بھی نہیں۔ لہذا یہ ان کا ڈیپارٹمنٹ نہیں ہے، میں ان کو قصوروار نہیں سمجھتی لیکن میں اس لحاظ سے سمجھتی ہوں کہ آپ خود کہہ رہے ہیں کہ ایک Allocate کیا ہوا فنڈ اگر کوئی ڈیپارٹمنٹ استعمال نہیں کر رہا تو وہ ہم وہ دوسروں کو دیتے ہیں، مطلب یہ کہ یہ تو آپ کے گورنمنٹ کی انتہائی ناقص کارکردگی ہے کہ آپ نے تین ڈیپارٹمنٹس کو فنڈ ہی سرے نہیں دیا اور وہ اس Base پہ نہیں دیا کہ کیا ان کے اندر اتنی Competency نہیں ہے کہ وہ اپنا فنڈ استعمال کریں اور جن کو دیا ہے تو انہوں نے استعمال ہی نہیں کیا۔ آپ کے Merged area میں Environmental کے لئے اور Food کے لئے کیسے فنڈ نہیں دیا، یہ کوئی مذاق ہے؟۔ لہذا میں یہ سمجھتی ہوں کہ اس Question کو آپ کمیٹی میں Refer کریں اور اس میں یہ جو Contradiction ہے، اس کو واضح طور پہ مجھے جواب دیا جائے۔ میں یہاں پہ کسی اور منسٹر کی اس سوال کے لحاظ سے جواب نہیں مانتی، یہ سپیکر صاحب کی Ruling کے عین یعنی منافی ایک بات ہے۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میڈم! اس میں ذرا آپ یہ Clear کر دیں کہ جب ایک Concerned Minister نہیں ہوتا ہے، ڈیپارٹمنٹ نے دوسرے منسٹر کو وہ ذمہ داری دی ہوتی ہے، وہی جواب دے گا، اگر وہ ذمہ داری کسی نے نہیں دی ہو۔۔۔۔۔

محترمہ حمیرا خاتون: دیکھیں، یہ میری رولنگ نہیں ہے یہ آپ کے سپیکر صاحب کی رولنگ ہے۔ میں تو آپ کو سپیکر صاحب کی رولنگ یاد دلا رہی ہوں۔

جناب مسند نشین: دیگر منسٹرز، دوسرے منسٹرز کو ذمہ داری دی ہے انہوں نے۔۔۔۔۔

محترمہ حمیرا خاتون: ٹھیک ہے، مجھے تو کوئی نہیں ہے، آپ کے سپیکر صاحب نے یہ رولنگ دی تھی۔

جناب مسند نشین: یہ اس وقت ہوتا ہے جب Reply نہیں آئی ہو۔ جی منسٹر صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر، دو باتیں بڑی اہم ہیں، ہماری بہن ہے۔ ایک تو ان کی یقینی طور پر یہ ذمہ داری ہے بطور اپوزیشن کی کہ یہ ہر ایک چیز میں کہہ دیں کہ ناقص کارکردگی ہے لیکن یہ قانون اسی اسمبلی سے پاس ہوا، اس بجٹ میں Provincial Financial Management Act جو ہے پاس ہوا جس میں یہ ساری چیزیں ہیں، میڈم کو وہ پڑھنا چاہیئے۔ اس سے پہلے جو Finance Bill آتا تھا، ہر سال Finance Bill آتا ہے بجٹ کے ساتھ جو یہ اسمبلی کا فلور پاس کرتی ہے، پھر یہی اسمبلی کا فلور سپلیمنٹری بجٹ پاس کرتا ہے۔ سپلیمنٹری بجٹ میں یہی ہوتا ہے کہ ایک Head میں اگر Allocation نہیں ہے اور اس میں آپ نے دے دی ہے یا اس کے لئے اپنی Allocated amount سے زیادہ چاہیئے تو وہ اسمبلی اس کو پاس کرتی ہے، یہ ایک قانون ہے۔ دوسری بات جو انہوں نے کی ہے وہ مسٹر سپیکر کی رولنگ کی، آپ کی چیئر کی یہ ہے کہ اگر کسی سوال کا جواب نہیں آتا تو وہ کمیٹی کو، Concerned Committee کو بھیج دیا جائے گا جو Cabinet کے کسی ممبر کا، یعنی اب منسٹر کا ہم، Provincial Cabinet کی Collective responsibility ہے، ہم کوئی بھی منسٹر کسی بھی محکمے کے بارے میں جواب دے سکتا ہے، تو یہ رولز کا حصہ ہے، قانون کا حصہ ہے، ہم کوئی غیر قانونی کام یہاں پہ نہیں کر رہے ہیں۔ تیمور جھگڑا صاحب اسلام آباد میں ہیں، انہوں نے آج صبح ہی مجھے Call کی تھی اور ان ساری چیزوں پہ میں نے خود کو بڑی Detail میں ان کے ساتھ یہ ساری چیزیں Discuss کیں اور ہر ایک چیز کے قانون کے بارے میں میں نے سمجھا، تو یہ ساری چیزیں Clear ہیں اس میں ایسا کچھ نہیں ہے جو قانون کے مطابق نہ ہو، محکمے Utilization نہیں کرتے، اس کی صرف وجہ یہ نہیں ہے کہ ان کی ناقص کارکردگی ہے یا جو بھی ہے، وہ بھی آپ کہہ سکتے ہیں کہ کسی محکمے نے Utilization نہیں کی تو وہ اس کی ہو سکتی ہے، یہ ایک Perspective ہو سکتا ہے لیکن Overall یہ ہوتا ہے کہ وہ Project cycle ہوتا ہے، Project maturity period ہوتا ہے، Project execution phase میں جاتا ہے، پراجیکٹ کے لئے Releases، یعنی For example ایک بلڈنگ بن رہا ہے تو وہ بلڈنگ میں ایڈوانس میں تو آپ Releases نہیں کر سکتے، بلڈنگ تیار ہو گی تو اس کے بعد ہی آپ پیسے دیں گے یا ایک Certain limit تک پہنچے گی بلڈنگ، تو یہ سر دست کہنا کہ یہ اس ڈیپارٹمنٹ کی ناقص کارکردگی ہے میرے خیال سے مناسب نہیں ہے۔

جناب مسند نشین: Thank you۔ جی میڈم!

محترمہ حمیرا خاتون: جی سپیکر صاحب، یہ ایک بڑی لمبی Debate ہے اور میں نے تو ریکویسٹ کی تھی، ٹھیک ہے منسٹر صاحب نہیں مان رہے ان کی اپنی مرضی ہے لیکن دیکھیں جب آپ ہم سے ضمنی بجٹ پاس کرواتے ہیں، یہی جگہ پہ ہم غلط ہوتے ہیں جب ہم ایک رقم خرچ کر لیتے ہیں وہ آپ اسمبلیوں میں لاتے ہیں اور ہم سے پاس کرواتے ہیں۔ میں یہ پوچھ رہی ہوں منسٹر صاحب! کہ میں نے جو سوال کیا ہے اس کا جواب انہوں نے نہیں دیا، انہوں نے اپنے ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی بتائی ہے، ٹھیک ہے آپ کی حکومت ناقص ہے، وہ Fund Allocate نہیں کر سکتی، خرچ نہیں کر سکتی، مجھے اس سے کوئی کام نہیں ہے آپ نہ Refer کریں۔

جناب مسند نشین: Okay. Question No. 15356، محترمہ بصیرت خان صاحبہ۔

* 15356 _ محترمہ بصیرت خان: کیا وزیر زکواۃ وعشر ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ Merged اضلاع میں سال 2019 سے سال 2021 تک زکواۃ فنڈز یعنی رقم تقسیم کی گئی ہے؛

(ب) تمام Merged اضلاع میں تقسیم زکواۃ کی رقم کل کتنی ہے، ہر ضلع کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) تقسیم شدہ زکواۃ جس کو دی گئی ہے، ان سب کے شناختی کارڈز بمعہ فون نمبرز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم وترقی نسواں) (جواب وزیر قانون، نے پڑھا):

(الف) جی ہاں۔

(ب) تمام ضم شدہ اضلاع میں مالی سال 20-2019 اور 21-2020 کے دوران مختص شدہ اور تقسیم شدہ زکواۃ فنڈ کی تفصیل درجہ ذیل ہیں جبکہ ضلع وار تفصیل ضمیمہ "الف" اور "ب" پر برائے ملاحظہ پیش خدمت ہیں۔

| نمبر شمار | مالی سال | مختص شدہ رقم | تقسیم شدہ زکواۃ رقم |
|---|---|---|---|
| 01 | 2019-20 | 17 کروڑ 49 لاکھ 32 ہزار روپے | 14 کروڑ 77 لاکھ 24 ہزار 614 روپے |
| 02 | 2020-21 | 88 کروڑ 16 لاکھ 93 ہزار روپے | 83 کروڑ 72 لاکھ 13 ہزار روپے |
| کل | | 1 ارب 56 کروڑ 62 لاکھ 5 ہزار روپے | 98 کروڑ 49 لاکھ 37 ہزار 614 روپے |

(ج) مالی سال 2019-20 اور 2020-21 کے دوران تقسیم شدہ زکواۃ فنڈ، گزارہ الاؤنس بحساب -/12,000 روپے سالانہ فی مستحق اور جہیز و تعلیمی وظائف کی ضلع وار تفصیل، پتہ مستحقین بمعہ شناختی نمبر، فون نمبر مندرجہ ذیل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | مہمند | ضمیمہ (ج) |
| 2۔ | کرم | ضمیمہ (د) |
| 3۔ | شمالی وزیرستان | ضمیمہ (ر) |
| 4۔ | باجوڑ | ضمیمہ (ز) |
| 5۔ | خیبر | ضمیمہ (س) |
| 6۔ | اورکزئی | ضمیمہ (ش) |
| 7۔ | جنوبی وزیرستان | ضمیمہ (ص) |

(تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئیں)

<u>محترمہ بصیرت خان</u>: شکریہ چیئرمین صاحب، وہ کہتے ہیں کہ کہاں تک سنو گے کہاں تک سناؤں۔ دل تو چاہتا ہے کہ شعر و شاعری مجھے بھی آئے لیکن اس میں میں اتنی زیادہ اچھی نہیں ہوں تو اتنا ہی مجھے یاد ہے۔ جناب سپیکر صاحب، جو زکواۃ اور یہ وزیر صاحب سے میں نے پوچھا تھا کہ 2019-20 اور 2020-21 میں زکواۃ کی مد میں جو Fund merged Districts میں Distribute ہوا ہے، District wise مجھے Detail فراہم کی جائے۔ میں ڈیپارٹمنٹ کا شکریہ ادا کروں گی کہ انہوں نے کافی Details مجھے بھجوائی ہیں، اتنے زیادہ ہیں کہ شاید میں اٹھا بھی نہ سکوں، اتنی Heavy اور انہوں نے کافی محنت کی ہے، میں Appreciate کرتی ہوں لیکن اگر District wise ہم فنڈ دیکھیں تو میری، جو ہمارے آنریبل منسٹر صاحب ہیں، ان سے ریکویسٹ ہو گی کہ وہ خود بھی ان کو ذرا دیکھیں، میں ذرا Facts and figures ان کو بتاتی ہوں کہ اس میں کافی زیادہ تضاد ہے، جو وہاں پہ لکھا گیا ہے اس کے مطابق نہیں ہے۔ اگر میں List کے مطابق آؤں اور ہم باجوڑ کی بات کرتے ہیں، میں Start باجوڑ سے کرتی ہوں کیونکہ List میں، جو Utilization والی List مجھے فراہم کی گئی تو First یہاں پہ باجوڑ ہے، باجوڑ میں انہوں نے کہا ہے کہ ہم نے جو گزارہ الاؤنس ہے جو کہ Per person بارہ ہزار روپے دیئے جاتے ہیں، اس کی مد میں ہم نے

3,41,52000اس کے لئے بجٹ رکھا ہے جس میں انہوں نے Utilize کئے ہیں جو کہ یہ کہتے ہیں کہ 3,41,52000، یہ کہتے ہیں کہ ہم نے تقسیم کئے ہیں جبکہ اگر آپ سیریل نمبر کے مطابق دیکھ لیں، ان کا جو سیریل نمبر ہے جو انہوں نے مجھے دیئے ہیں، Total number of persons جو ہے وہ 7016، اگر 7016 کو اگر آپ بارہ ہزار کے ساتھ Multiply کرتے ہو تو اس سے بنتا ہے 8, 41,92000۔ تو مجھے یہ بتائیں کہ یہاں پہ انہوں نے جو کہا ہے کہ Fund as it is utilized ہوا ہے لیکن یہاں پہ جو فنڈ رہ گیا ہے وہ 20 لاکھ 28 ہزار رہتا ہے، تو سب سے پہلا تو Figure یہ ہے کہ آپ خود بھی Check کر لیں On the spot ہی کہ 20 لاکھ 28 ہزار کا تو آپ کا First جو Figure ہے اس میں 20-2019 کے باجوڑ کا جو گزارہ الاؤنس ہے اس میں اتنا فرق آ رہا ہے۔ یہ منسٹر صاحب نوٹ کر لیں بلکہ ڈیپارٹمنٹ خود بھی نوٹ کر لے کہ اگر میں غلط بتا رہی ہوں تو ان کے جو Documents ہیں جو مجھے دیئے گئے ہیں، اس سے میں نے یہ نمبرز لئے ہوئے ہیں، میں نے خود کوئی اس میں نہیں کیا۔ پھر اگر آگے ہم آتے ہیں تو انہوں نے ہیلتھ میں لکھا ہے، ہیلتھ کا تو اس طرح Different Hospitals کو جاتا ہے، تو اس میں انہوں نے Details نہیں دیں لیکن یہی لکھا گیا ہے کہ جو فنڈز دیئے گئے ہیں وہی Disburse ہوئے، تو اس میں تو میں کچھ نہیں کہہ سکتی۔ پھر جب دوسری 21-20 میں جو انہوں نے باجوڑ کی بات کی ہے، باجوڑ میں 21-20 میں بھی انہوں نے جو کہا ہے کہ ہم نے تقریباً 16,31,20,000 روپے خرچ کئے ہیں جبکہ جناب سپیکر صاحب، ان کی جو Serial wise مجھے گزارہ الاؤنس کے جو Per person جو انہوں نے بارہ ہزار روپے دیئے ہیں، وہ بارہ ہزار 101 بندوں کو وہ بارہ ہزار روپے ملے ہیں، اگر اس کو Multiply کریں تو اس سے بنتا ہے 14, 52,12000، تو اس میں جو پیسے باقی رہتے ہیں، وہ ایک کروڑ 79 لاکھ 08 ہزار روپے بنتے ہیں، اب یہاں پہ انہوں نے کہا ہے کہ ہمارے پاس جو اس میں پیسے رہتے ہیں وہ چار ہزار ہے، اب ایک کروڑ میں اور چار ہزار میں کتنا فرق ہے؟ یہ تو صرف میں باجوڑ کی بات کر رہی ہوں، گزارہ الاؤنس میں اس طرح ہر ڈیپارٹمنٹ میں یا ہر ضلع میں یہ Fact and Figures میں یہ نمبر نگ آ رہی ہے، میں تو ون بائی ون سب تفصیل بتا دونگی، میرے لئے تو مشکل نہیں ہے کیونکہ میں نے تو سب سٹڈی

کر لیا ہے لیکن میری منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ ہو گی، کہ اس کو کمیٹی میں ریفر کر لیا جائے۔ اگر ہم آگے دیکھیں، خیبر کی بات اگر ہم کریں تو خیبر میں ہمارے پاس انہوں نے، خیبر میں 20-19 میں انہوں نے کہا ہے کہ ہم نے 31,36,8000 rupees ہم نے خرچ کئے ہیں، جب کہ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس 42 لاکھ رہ گئے ہیں، اگر آپ اس کی Details میں جائیں خیبر میں تو خیبر میں Serial wise انہوں نے جو گزارہ الاؤنس میں پیسے دیئے ہیں، 1581 لوگوں کو انہوں نے پیسے دیئے ہیں بارہ بارہ ہزار، اگر آپ اس کو Multiply کریں تو یہ بنتے ہیں 1,89,72000 جس میں رہتے ہیں 1,23,96,000، اب 42 لاکھ میں اور ایک کروڑ میں اس Facts and figures میں بھی کافی تضاد آرہا ہے۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: Okay-----

محترمہ بصیرت خان: تو منسٹر صاحب اس طرح اگر ہمیں Marriage allowance میں بھی جاؤ، تو اس میں بھی کافی پیسے میں تضاد آرہا ہے۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: Okay-----

محترمہ بصیرت خان: One by one تو اگر آپ دیکھ لیں، ٹھیک ہے۔

جناب مسند نشین: Okay۔ منسٹر صاحب! جواب دیں۔ منسٹر لاء۔ Mike on کر دیں۔

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، میڈم نے بڑا زیادہ تفصیلاً اس سوال کو دیکھا ہوا ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے اگر یہ کمیٹی چلا جائے تو No objection۔

(تالیاں)

جناب مسند نشین: اچھا۔ The motion before the House is that the Question No. 15356 may be referred to the concernd Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The ‘Ayes’ have it. Question is referred to the concerned Committee. Question No. 15359، جناب عنایت اللہ صاحب، جناب عنایت اللہ صاحب، Lapsed ۔Question No. 15365، جناب سراج الدین صاحب، جناب

سراج الدین صاحب، Question No. 15487۔Lapsed، جناب احمد کنڈی صاحب، احمد کنڈی صاحب،Lapsed۔

## غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

15089 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ رواں سال کی سہ ماہی کے دوران محصولات کی وصولی ہوئی؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران پہلی سہ ماہی کے دوران کتنی محاصلات کی وصولی کن کن مد میں کی گئی ہیں، اس کی دستاویزات اور رپورٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان(وزیر خزانہ): (الف) جی ہاں۔ رواں سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران محصولات کی وصولی ہوئی ہے۔

(ب) رواں مالی سال 20۔2019 کی پہلی سہ ماہی میں محصولات کی مد میں صوبائی حکومت کو 7,988.169 ملین روپے کی وصولی ہوئی ہے جس میں ٹیکس محکموں سے 5,501.879 ملین روپے کی وصولی ہوئی ہے جس کی تفصیل لف (الف) ہے جبکہ غیر ٹیکس محکموں سے 2,486.290 ملین روپے کی وصولی ہوئی ہے جس کی تفصیل لف (ب) ہے۔

(الف)

**Statement Showing detail of Provincial Own Receipts July-September 2018 -19 & 2019-20 Tax Receipts (In Million)**

| S. # | Name of Department | Actual Target for 03 for 03 Months 2018-19 | Actual Target for 03 Months 2018-19 | Growth Receipt of Tax Deptts |
|---|---|---|---|---|
| **Excise & Taxation Department** | | | | |
| **Total** | | 625.013 | 809.351 | 184.34 |
| **Board of Revenue** | | | | |
| **Total** | | 920.152 | 1,367.590 | 447.44 |
| **Energy & Power** | | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Total** | 14.288 | 17.853 | 3.57 |
| **Transport Department** | | | |
| **Total** | 173.433 | 114.734 | (58.70) |
| **KPRA** | | | |
| **Total** | 2,279.373 | 3,220.288 | 940.92 |
| **Information & Public Relation Department** | | | |
| **Total** | 0.233 | 0.404 | 0.17 |
| **Grand Total Tax Receipt** | 4,012.492 | 5,530.220 | 1,517.73 |
| 1 **B01302-Local Council Share/Districts/TMA etc.** | - | 28.340 | 28.34 |
| **Tax Receipts** | **3,987.911** | **5,501.880** | **1,513.97** |

* In order to facilitate the Transport Sector of the Province, in which our province has majority stacks. The Government decides to make the rates of fee at par with Punjab and hence reduced the rates and Annual target for Transports Department.

(ب)

**COMPARATIVE STATEMENT OF NON-TAX RECEIPTS DURING 1ST QUARTER FOR FINANCIAL YEARS 2018-19 & 2019-20 (In Million)**

| S.# | Name of Department | Atual for 1st Quarter 2018-19 | Atual for 1st Quarter 2019-20 | Growth Receipt of Non-Tax Deptts |
|---|---|---|---|---|
| 1 | IRRIGATION | 59.194 | 50.175 | (9.02) |
| 2 | ENGERGY & POWER | - | - | - |
| 3. | HOME | 77.606 | 121.280 | 43.67 |
| 4. | POLICE | 270.344 | 484.368 | 214.02 |
| 5. | WORKS & SERVICES | 126.285 | 123.088 | (3.20) |
| 6. | PUBLIC HEALTH & ENGINEERING | 47.668 | 48.340 | 0.67 |
| 7. | HIGHER | 141.950 | 156.999 | 15.05 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | EDUCATION ARCHIVES & LIBRARIES | | | |
| 8. | ELEMENTARY & SECONDARY EDUCATION (BUREAU OF CURRICULUM) | 19.884 | 24.300 | 4.42 |
| 9. | SPORTS, CULTURE, TOURISM AND MUSEUMS | 14.527 | 11.433 | (3.09) |
| 10. | HEALTH | 32.751 | 206.571 | 173.82 |
| 11. | ENVIRONMENT | 18.331 | 29.248 | 10.92 |
| 12. | ADMINISTRATION (KP, PSC) | 21.098 | 6.269 | (14.83) |
| 13. | LABOUR DEPARTMENT | 10.479 | 13.955 | 3.48 |
| 14. | INDUSTRIES & TECHNICAL EDUCATION | 16.779 | 35.160 | 18.38 |
| 15. | MINES & MINERAL DEVELOPMENT | 406.935 | 723.577 | 316.64 |
| 16. | FINANCE | 75.026 | 136.872 | 61.85 |
| 17. | AGRICULTURE | 242.841 | 93.870 | (148.97) |
| 18. | LAW | 48.400 | 82.000 | 33.60 |
| 19. | Local Government | 7.812 | 0.525 | (7.29) |
| 20 | FOOD | - | 8.084 | 8.08 |
| 21 | MISCELLANEOUS RECEIPTS | 411.830 | 130.176 | (281.65) |
| | **Total of Non-Tax Receipts** | **2,049.740** | **2,486.290** | **436.55** |

15280 _ جناب شکیل بشیر خان: کیاوزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ حلقہ PK-57 میں سال 2018 سے لیکر تاحال کلاس فور ملاز مین بھرتی کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2018 سے لیکر تاحال حلقہ PK-57 میں کتنے کلاس فور ملازمین بھرتی کئے گئے۔ نیز کتنے کلاس فور آسامیاں خالی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) چارسدہ ایریگیشن ڈویژن چارسدہ میں سال 2018 سے لیکر تاحال PK-57 میں دو عدد کلاس فور ملازمین بھرتی کئے گئے ہیں اور فی الوقت کلاس فور ملازمین کی کوئی خالی آسامی موجود نہیں۔ تفصیل درجہ ذیل ہے:

| نمبر شمار | نام | عہدہ | تاریخ تعیناتی | پتہ |
|---|---|---|---|---|
| 01 | رضوان اللہ | بیلدار | 20-11-2018 | اجرا کورونہ بہلولہ پوسٹ آفس شاخ نمبر 6 تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ چارسدہ |
| 02 | عامر زیب | بیلدار | 02-03-2021 | شموزئی خوازی خیل اتمانزئی تحصیل اینڈ ڈسٹرکٹ چارسدہ |

15359 _ جناب عنایت اللہ: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے گزشتہ چھ سالوں کے دوران صوبہ بھر میں سولر ٹیوب ویلز اور ڈیزل سے چلنے والے لفٹ ایریگیشن سکیموں پر کروڑوں روپے خرچ کئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان ٹیوب ویلز اور لفٹ ایریگیشن سکیموں میں اکثر اپنے مقاصد پورے نہیں کر سکے اور ان میں سے بیشتر خراب ہوتے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جواب اثبات میں ہوں تو گزشتہ چھ سالوں کے دوران مکمل شدہ سکیموں کی درجہ ذیل معلومات فراہم کی جائے:

سلسلہ نمبر، تاریخ تکمیل، نام سکیم، سکیم کا محل وقوع، تکمیلی لاگت، رقبہ آبپاشی، پی اینڈ ڈی مانیٹرنگ تصدیقی رپورٹ کہ سکیمز مذکورہ رقبہ آبپاش کر رہے ہیں اور چالو حالت میں ہیں۔ ایم اینڈ ڈی کی مزید سکیموں کو بنانے یا نہ بنانے کی سفارشات۔

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔ یہ درست ہے۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) محکمہ آبپاشی میں گزشتہ چھ سالوں کے دوران مکمل شدہ سولر ٹیوب ویلز کی تفصیل لف ہے۔

(لف شدہ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

15365 _ جناب سراج الدین: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) رواں مالی سال 22-2021 کے دوران اب تک کتنا ترقیاتی فنڈز جاری کیا گیا ہے، اس کی ضلع وار مالیت کیا ہے؛

(ب) رواں مالی سال 22-2021 کے دوران اب تک جاری کئے گئے ترقیاتی فنڈز میں بندوبستی اضلاع اور Merged اضلاع کو جاری شدہ فنڈز کی الگ الگ مالیت کتنی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوبات اثبات میں ہوں تو گزشتہ مالی سال 21-2020 کے دوران صوبہ بھر میں مختلف محکموں کے لئے مختص فنڈز میں کتنا فنڈز خرچ اور کتنا Lapse ہوا تھا، اس کی ضلع وار مالیت بتائی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ): (الف) رواں مالی سال 22-2021 کے دوران اب تک جو بھی ترقیاتی فنڈز جاری کئے گئے ہیں، ان کی محکمہ وار تفصیل لف (الف) پر موجود ہے۔ ضلع وار مالیت کی تفصیل لف (ب) پر موجود ہے۔

(ب) رواں مالی سال 22-2021 کے دوران اب تک جو بھی ترقیاتی فنڈز بندوبستی اضلاع اور Merged اضلاع کے لئے جاری کئے گئے ہیں، ان کی ضلع وار تفصیل لف (ب) پر موجود ہے۔

(ج) گزشتہ مالی سال 21-2020 کے دوران صوبہ بھر میں تمام محکموں کے لئے مختص شدہ فنڈز کی اجراء، اخراجات اور باقی ماندہ فنڈز (فائنل گرانٹس) کی تفصیل لف (ج) پر موجود ہے۔

(لف شدہ تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئیں)

15487 _ جناب احمد کنڈی: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ چشمہ رائٹ بینک لفٹ کینال منصوبے سے خیبر پختونخوا زرعی لحاظ سے خود کفیل ہو سکتا ہے اور یہ صوبے کی معیشت کے لئے نہایت اہم منصوبہ ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پچھلے سال وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے اس اہم منصوبے کی Feasibility اور PC-I کو حتمی شکل دینے کی احکامات جاری کئے تھے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ منصوبے کی Feasibility report فراہم کی جائے؛

(ii) منصوبے سے جنوبی اضلاع کی کتنی زمین سیراب ہو گی؛

(iii) منصوبے کا Master plan, PC-I اور مدت تکمیل کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں؟

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔ یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی خصوصی دلچسپی اور کوشش کے باعث صوبائی اور وفاقی حکومت نے اس منصوبے کی Feasibility report اور PC-I کو حتمی شکل دینے کے لئے احکامات جاری کئے جس کے تحت واپڈا نے کنسلٹنٹ کے ذریعے اس پر عمل کیا۔

(ج) (i) Feasibilty report واپڈا سے متعلق ہے۔

(ii) منصوبے سے جنوبی اضلاع (ڈیرہ اسماعیل خان کی 286140 ایکڑ اراضی سیراب ہو گی۔

(iii) چشمہ لفٹ سکیم منصوبے کی Master plan اور PC-I کے مطابق چیدہ چیدہ خصوصیات درجہ ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| لاگت تخمینہ (2022) =244 ارب روپے | ڈیزائن ڈسچارج =2613 کیوسک |
| زرعی فوائد =38 ارب فی سال | زیر نہر اراضی =286140 ایکڑ |
| فوائد =(EIRR) 17.91% | ڈیزائن لفٹ =64 فٹ |
| مین نہر =140 کلو میٹر | توانائی کی ضرورت =25 میگاواٹ |
| تعداد ڈسٹری / مائینرز =28 اور 14 | مدت تکمیل = پانچ (5) سال |

## اراکین کی رخصت

جناب مسند نشین: Item No. 3, 'Leave Applications'۔ محترمہ شاہدہ وحید، ایم پی اے آج کے لئے 25/07؛ جناب شکیل احمد، آج کے لئے 25/07؛ محترمہ آسیہ اسد، آج کے لئے 25/07؛ جناب بابر سلیم سواتی صاحب، آج کے لئے 25/07؛ محترمہ ساجدہ حنیف صاحبہ، آج کے لئے 25/07؛ محترمہ نادیہ شیر، آج کے لئے 25/07؛ جناب محمود بیٹنی، آج کے لئے 25/07؛ جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا، آج کے لئے 25/07؛ جناب سردار محمد یوسف زمان، آج کے لئے 25/07؛ جناب سید فخر جہان، دو یوم کے لئے 25 و 26؛ محترمہ انیتہ محسود، آج کے لئے 25/07؛ جناب حاجی قلندر خان لودھی، آج کے لئے 25/07؛ جناب محب اللہ خان، آج کے لئے 25/07؛ جناب فیصل امین گنڈاپور، آج کے لئے 25/07،

25 تا یکم اگست؛ جناب محمد ظاہر شاہ، آج کے لئے 25/07؛ جناب عنایت اللہ خان، آج کے لئے 25/07؛ جناب اکبر ایوب صاحب، آج کے لئے 25/07؛ جناب مصور خان صاحب، آج کے لئے 25/07۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

(Interruption)

جناب مسند نشین: لاسټ کښېنې راځو۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب مسند نشین: راځو راځو، لاسټ کښېنې راځو، راځو جی راځو۔

Item No. 7 'Call Attention Notices': Mr. Ahmad Kundi, MPA to please move his Call Attention Notice No. 2461 in the House. Mr. Ahmad Kundi.

(اس مرحلہ پر کورم پورا نہ ہونے کی نشاندہی کی گئی)

جناب مسند نشین: کاؤنټنګ اوکړئ۔

(اس مرحلہ پر سیکرٹری اسمبلی اراکین اسمبلی کی گنتی کرا رہے ہیں)

(اس مرحلہ پر گنتی مکمل کی گئی)

جناب مسند نشین: 29، گھنٹی دو۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب مسند نشین: نو څه اوکړم میډم دې سره، دو منٹ کے لئے گھنٹی بجائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب مسند نشین: گنتی کرلیں جی۔

(اس مرحلہ پر سیکرٹری اسمبلی اراکین اسمبلی کی گنتی کرا رہے ہیں)

(اس مرحلہ پر گنتی مکمل کی گئی)

جناب مسند نشین: 29، دس منٹ کے لئے اجلاس کو Suspend کرتا ہوں۔

(اس مرحلہ پر اجلاس کی کارروائی کچھ دیر کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب مسند نشین، محمد ادریس مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

<u>جناب مسند نشین</u>: کاؤنٹنگ اوکرئ سیکرٹری صاحب۔

(اس مرحلہ پر سیکرٹری اسمبلی اراکین اسمبلی کی گنتی کرا رہے ہیں)

(اس مرحلہ پر گنتی مکمل ہو گئی مگر کورم پورا نہیں تھا)

Mr. Chairman: Quorum is incomplete. The sitting is adjourned till 02:00 pm Tuesday, $26^{th}$ July 2022.

---

(اجلاس کل بروز منگل مورخہ 26 جولائی 2022ء بعداز دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)